اقبال مرحوم کی تعلیمات کی روشنی میں احیائے دین کے خطوط متعین کرنے کی کوشش کی ہے۔ زیر تبصرہ کتاب اگرچہ مختصر ہے مگر بڑی جاندار اور فکر انگیز ہے اور مصنف کے وسعت مطالعہ، اقبال فہمی اور خلوص کی ہر لحاظ سے آئینہ دار ہے۔ کتاب کا پیش لفظ نامور ادیب اور مفکر ڈاکٹر سید محمد عبداللہ نے لکھا ہے۔

کتاب نہایت سلیقے سے عمدہ ٹائپ پر شائع کی گئی ہے۔

الکحل (بزبان انگریزی) سائنس اور اسلام تالیف جناب ریاض الحسن صاحب نوری ایم۔اے۔ شائع کردہ دار الفکر، اچھرہ لاہور۔ قیمت پچاس پیسے۔ صفحات ۲۴۔

دار الفکر نے اسلامی تعلیمات کی نشر و اشاعت کے لیے جو قیمتی کتابچے شائع کیے ہیں اُن میں یہ کتابچہ بڑا قابلِ قدر ہے۔ اس میں فاضل مصنف نے خمر کی ضرر رسانیوں اور تباہ کاریوں کے متعلق نہایت مستند معلومات جمع کی ہیں۔ اس کا تعارف ملک کے معروف ڈاکٹر واسطی پروفیسر کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج، لاہور نے لکھا ہے۔

اسلامی نظامِ معیشت کے چند اصول تالیف مولانا نور محمد اعظمی صاحب۔ شائع کردہ: ادارہ المعارف فرید آباد۔ ڈھاکہ ۴۔ قیمت ایک روپیہ۔ صفحات ۹۴۔

اس کتاب کے فاضل مصنف کسی تعارف کے محتاج نہیں، اُن کی عمر کا بیشتر حصہ دینی مدارس میں تفسیر و حدیث پڑھانے میں گزرا ہے۔ اس کتاب کے دیباچہ سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ مشکوٰۃ المصابیح پڑھاتے ہوئے جب وہ کتاب الزکوٰۃ پر پہنچے تو انہیں یہ خیال پیدا ہُوا کہ وہ اس حصّے کو جدید معاشی مسائل کی روشنی میں شرح و بسط سے مرتب کر دیں۔ زیر تبصرہ کتاب اُن کے اس مقدس ارادے کی تکمیل ہے۔ یہ کتاب پہلے بنگلہ میں لکھی گئی، پھر اس کا ترجمہ کر کے اُسے ماہنامہ البلاغ کراچی میں شائع کروایا گیا اور اب مصنف کی نظرِ ثانی کے بعد اسے ادارہ المعارف ڈھاکہ نے کتابی صورت میں شائع کیا ہے۔

کتاب مختصر ہونے کے باوجود علمی اعتبار سے بڑی وقیع ہے۔ معیار طباعت و کتابت عمدہ ہے۔